© rasailojaraid.com

تبصرے

تذکرہ مشائخ بنارس از جناب مولانا ابو الاثر عبد السلام صاحب تقطیع خورد ضخامت ۱۰۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ایک روپیہ

پتہ:۔ ندوۃ المعارف بنارس بجی باغ۔

ہندوستان میں مسلمانوں کی اصل تاریخ مسلمان بادشاہوں کی تاریخ نہیں ہے بلکہ درحقیقت ان صوفیا و اولیائے کرام کی تاریخ ہے جنہوں نے اس وسیع و عریض ملک کے گوشہ گوشہ میں پھیل کر رشد و ہدایت اور روحانی فیض وافادہ کی درسگاہیں قائم کیں اور جنہوں نے اس مرز بوم کے چپہ چپہ پر اپنے انفاس قدسیہ سے معرفت ربانی کی شمعیں روشن کیں مسرت کا مقام ہے کہ ایک عرصۂ دراز کے جمود اور غفلت و بے حسی کے بعد مسلمانوں کو اپنی تاریخ کے اس اصل سرمایہ کی طرف توجہ ہوئی ہے اور ان نفوس قدسیہ کے حالات وسوانح پر کتابوں کی اشاعت کا ایک مبارک سلسلہ شروع ہو گیا ہے چنانچہ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس کتاب میں چھٹی صدی ہجری سے لے کر چودھویں صدی تک کے تقریباً نوے مشائخ بنارس کا تذکرہ ہے ان میں سے بعض مشائخ تو کافی مشہور ہیں جن کے حالات کسی قدر تفصیل سے لکھے گئے ہیں اکثر کا تذکرہ بہت مختصر ہے تاہم تاریخ کے طالب علم کے لئے افادہ سے وہ بھی خالی نہیں ممکن ہے کہ اس سلسلہ میں آئندہ مزید معلومات حاصل ہو سکیں بہرحال لائق مرتب کی یہ سعی لائق تحسین ہے اور امید ہے کہ ارباب ذوق اس کے مطالعہ سے محظوظ ہوں گے۔

تاریخ دیوبند از جناب سید محبوب صاحب رضوی تقطیع متوسط ضخامت ۱۸۰ صفحات،

© rasailojaraid.com